[Timing: 3 Hours] Marks: 100

ہدایت:

ہر جواب سے پہلے متعلقہ سوال ضرور نقل کریں۔

سوال نمبر ۱: مکتوب نگاری کے آغاز و ارتقا پر اظہار خیال کیجیے۔ 20

یا

خط کسے کہتے ہیں؟ نیز اردو ادب میں اس کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالیے۔

سوال نمبر ۲: مرزا غالب کی شخصیت کے اہم پہلوؤں کو اجاگر کیجیے۔ 20

یا

مرزا غالب کی خطوط نگاری کا تجزیہ کیجیے۔

سوال نمبر ۳: سر سید احمد خان کی ادبی خدمات کا احاطہ کیجیے۔ 20

یا

سر سید احمد خان کی خطوط نگاری کے ادبی محاسن بیان کیجیے۔

سوال نمبر ۴: (الف): مندرجہ ذیل سے کسی ایک کا ناقدانہ جائزہ لیجیے۔ 10

۱۔ بنام ___ علاؤ الدین احمد خان علائی (خط نمبر ۱)

۲۔ بنام ___ منشی ہر گوپال تفتہ (خط نمبر ۲)

۳۔ بنام ___ میر مہدی مجروح (خط نمبر ۱)

53493

AD137F2C2A7C36A8E815E2853AAE5C4C

سوال نمبر۴:(ب):مندرجہ ذیل سے کسی دو عبارت کی سیاق وسباق کے حوالے سے وضاحت کیجیے۔ 10

ا۔ ''یہاں جشن کے وہ سامان ہورہے ہیں کہ جمشید اگر دیکھتا تو حیران رہ جاتا۔شہر سے دو کوس کے فاصلے پر آغا پور نامی ایک بستی ہے۔آٹھ دس دن سے وہاں خیام برپا تھے۔پرسوں صاحب کمشنر بہادر بریلی مع چند صاحبوں اور میموں کے آئے اور خیموں میں اترے۔کچھ کم سو صاحب اور میم جمع ہوئے''

۲۔ ''حق تعالیٰ تمہارے عالم صورت کے بچوں کو جیتا رکھے اور ان کو دولت و اقبال دے اور تم کو ان کے سر پر سلامت رکھے اور تمہارے معنوی بچوں یعنی نتائج طبع کو فروغ،شہرت اور حسن قبول عطا فرمائے۔''

۳۔ ''امام ضامن علیہ السلام کا روپیہ بازو پر باندھا۔گیارہ روپے خرچ راہ دیے۔مگر ایسا جانتا ہوں کہ میرن صاحب اپنی جدکی نیاز کا روپیہ راہ ہی میں اپنے بازو پر سے کھول لیں گے اور تم سے صرف پانچ روپے ظاہر کریں گے۔اب سچ جھوٹ تم پر کھل جائے گا۔''

سوال نمبر۵:(الف):مندرجہ ذیل سے ایک خط کا جائزہ لیجیے۔ 10

ا۔ ایڈیٹر شمس الاخبار مدارس

۲۔ خواجہ الطاف حسین حالی

۳۔ عنایت اللہ

سوال نمبر۵:(ب):مندرجہ ذیل سے کسی دو عبارت کی سیاق وسباق کے حوالے سے وضاحت کیجیے۔ 10

ا۔ ''آخر کو جو آپ نے نصیحت ناپائیداری دنیا لکھی ہے اور ارقام فرمایا ہے کہ انسان کو لازم ہے کہ ہر دم کو دم واپسیں جانے اور اللہ کی یاد سے غافل نہ ہو۔بلاشبہ یہ عمدہ نصیحت ہے مگر یہ ایسی بات ہے کہ اس کو ہر

53493

Turn Over

AD137F2C2A7C36A8E815E2853AAE5C4C

کوئی اعلیٰ وادنیٰ عالم وجاہل سب جانتے ہیں مگرافسوس کہ کرتا کوئی نہیں۔‘‘

۲۔ ’’مگر جب وہ اس میں کچھ نقص نہیں پاتے تو غلط بیانی اور بہتان بندی اوراتہام سے کام لیتے ہیں اوراس پر نہایت فخر کرتے ہیں۔ بلاشبہ جھوٹا موتی آب وتاب میں زیادہ ہے مگر کے دن کا، پھر جھوٹا جھوٹا ہے دودن بعد نہ وہ آب وتاب ہے نہ وہ چمک دمک۔‘‘

۳۔ ’’بلاشبہ اس وقت آپ کو خدا نے اختیار دیا ہے اور محبت کا مقتضا یہ ہے کہ آپ مہدی علی کے ساتھ سلوک کریں اور وہ سلوک یہ ہے کہ گورنمنٹ سے ایک معقول ومناسب پنشن ان کو دلوادیں۔ آپ کی سعی سے بلاشبہ ہوسکتا ہے اور آسانی سے ہوسکتا ہے۔‘‘

☆☆☆

53493

AD137F2C2A7C36A8E815E2853AAE5C4C